بات چیت کے لیے

ساتھیوں کے ساتھ کھیت اور کسان سے متعلق بات چیت کریں۔ ان سے پوچھیں:

1۔ درج ذیل تصویر میں کل کتنے چوپائے ہیں؟ 2۔ درج ذیل تصویر میں کل کتنے گھر ہیں؟

3۔ اس تصویر میں کل کتنے لوگ نظر آ رہے ہیں؟ 4۔ تصویر میں کل کتنے جانور ہیں؟



4 ہمارے آس پاس

ہم سیکھیں گے

اے	اَے	ج	بھ	ڈ	ڑ	ش

- تین ہندسی اعداد کی جمع و تفریق کرنا
- لمبائی، وزن اور حجم کی پیمائش کرنا
- دو ہندسی اعداد کو ایک ہندسی اعداد سے ضرب دینا
- تقسیم کی جانکاری

▪ تصویر سے لفظ کا اندازہ لگا کر پڑھیے

جنگل

بھالو

بارش

پہاڑ

استاد کے لیے ہدایت: اوپر دیے گئے الفاظ پڑھنے میں ساتھیوں کی مدد کریں۔ تصویر کی بنیاد پر اندازہ لگانے کے علاوہ انھیں اس بات کی ترغیب دیں کہ وہ پہچانے ہوئے لفظ اور حروف کو استعمال کریں۔

■ پڑھیے اور لکھیے

اِے

میری **ایڑی** میں درد ہے

اَے

ایمبولینس جارہی ہے

ج

جامن کی **جڑیں** زمین میں پھیلی ہوئی ہیں

بھ

بھالو جنگل میں رہتا ہے

جیب	جون	بھول	بھاپ
______	______	______	______

ڈ

دلہن ڈولی میں جا رہی ہے

ڑ



سڑک لمبی ہے

ڈ ڑ

ڈبہ	ڈوری	لڑکا	گڑبڑ
______	______	______	______

ش



شیر جنگل کا بادشاہ ہے

ش

کاشی	کوشش	شور	شک
________	________	________	________

▪ تصویر دیکھیے اور پانچ جملے لکھیے

1. ________________________________
2. ________________________________
3. ________________________________
4. ________________________________
5. ________________________________

▪ جمع کیجیے

741	865	135	437
+132	+114	+232	+142

- رحیم نے 435 روپے کے چاول اور 132 روپے کی شکر خریدی۔ اس نے دوکان دار کو کُل کتنے روپے دیے؟

▪ تفریق کیجیے

739	735	895	436
- 225	- 123	- 242	- 115

- شمیم کے پاس 845 روپے تھے۔ اس نے 420 روپے کا دوپٹہ خریدا۔ شمیم کے پاس اب کتنے روپے بچے ہیں؟

▪ ناپ تول (ماپ تول)

یاد رکھیے

10 ملی میٹر = 1 سینٹی میٹر

1 سینٹی میٹر = 10 ملی میٹر

100 سینٹی میٹر = 1 میٹر

1000 میٹر = 1 کلومیٹر

- آپ کے گھر کی دیوار پر چاک سے دو ایسے نشان لگائیے جس کے بیچ کی دوری 1 میٹر ہو۔
- اپنے دوست کی مدد سے اپنی اور اپنے دوست کی لمبائی ناپ کر لکھیے۔



سوچیے اور خالی جگہ پُر کیجیے

- دو شہروں کے بیچ کی دوری کو ہم __________ میں ناپتے ہیں۔
- کپڑے کی لمبائی __________ میں ناپی جاتی ہے۔

خالی جگہ پُر کیجیے



- 3000 میٹر = ________ کلومیٹر
- 700 سینٹی میٹر = ________ میٹر
- 40 ملی میٹر = ________ سینٹی میٹر
- 5 کلومیٹر = ________ میٹر
- 6 میٹر = ________ سینٹی میٹر
- 7 سینٹی میٹر = ________ ملی میٹر

- فاطمہ نے پہلے دن کار سے 180 کلومیٹر اور دوسرے دن 182 کلومیٹر کی دوری طے کی۔ اس نے دونوں دن ملا کر کتنی دوری طے کی؟

- سیما نے 854 میٹر کپڑے میں سے 632 میٹر کپڑا بیچ دیا۔ سیما کے پاس اب کتنے میٹر کپڑا بچا ہے؟

یاد رکھیے

1 کلوگرام	=	1000 گرام
آدھا کلوگرام	=	500 گرام
چوتھائی یا پاؤ کلوگرام	=	250 گرام

بھاری چیزوں کے وزن کو ناپنے کے لیے بڑے باٹ کا استعمال ہوتا ہے۔



▪ خالی جگہ پُر کیجیے

- 4 کلوگرام = _______ گرام
- 7000 گرام = _______ کلوگرام
- 2 کلوگرام 500 گرام = _______ گرام

- رامو کے ایک کھیت میں 312 کلوگرام آلو اور دوسرے کھیت میں 236 کلوگرام آلو کی فصل ہوئی ہے۔ رامو کے دونوں کھیتوں میں کُل کتنے کلوگرام کی پیداوار ہوئی؟

____

- ہری نے 495 کلوگرام چاول میں سے 292 کلوگرام چاول بیچے۔ ہری کے پاس اب کتنے کلوگرام چاول بچے ہیں؟

____

◆ 5 کلوگرام گیہوں سو روپے میں آتا ہے تو 25 کلوگرام گیہوں کی قیمت کیا ہوگی؟

◆ 25 کلوگرام گیہوں خریدنے کے لیے آپ کون کون سے اور کتنے نوٹ دیں گے؟ لکھیے۔

■ شازیہ سبزی خریدنے بازار گئی حساب لگائیے اس نے کل کتنے روپے کی سبزیاں خریدیں؟

نمبر	سبزی کا نام	دام	مقدار	روپے دیے (رقم)
1	آلو	20روپے	2 کلوگرام	
2	پیاز	15روپے	1 کلوگرام	
3	ٹماٹر	25روپے	3 کلوگرام	
4	لوکی	10روپے	آدھا کلوگرام	
			کُل روپے	

استاد کے لیے ہدایت: ساتھیوں کو اس بات کے لیے بیدار کیجیے کہ جب وہ کسی دکان سے کوئی سامان خریدیں تو دوکان دار سے اس کا بل ضرور لیں اور اس کے استعمال پر بات چیت کریں۔ اگر آپ کو لگتا ہے کہ آپ نے جو سامان خریدا ہے وہ اصل وزن سے کم ہے تو آپ دوکان دار سے ترازو کے سامان والے پلڑے میں باٹ اور باٹ والے پلڑے میں سامان رکھ کر دوبارہ تلوا سکتے ہیں۔ اگر آپ کو لگتا ہے کہ دوکان دار کے باٹ ٹھیک نہیں ہیں تو آپ شعبۂ ناپ تول کے دفتر جاکر اس کی شکایت کر سکتے ہیں۔ قومی صارف واٹس اپ ہیلپ لائن 8800001915 پر میسیج کر سکتے ہیں۔

دودھ ناپنے کے برتن



1 لیٹر | 750 ملی لیٹر تین پاؤ | 500 ملی لیٹر آدھا لیٹر | 250 ملی لیٹر پاؤ

(ایک لیٹر = 1000 ملی لیٹر)

یاد رکھیے

1 کلولیٹر	=	1000 لیٹر
1 لیٹر	=	1000 ملی لیٹر
آدھا لیٹر	=	500 ملی لیٹر

جمع کیجیے

425 لیٹر
+ 223 لیٹر
______

512 لیٹر
+ 327 لیٹر
______

تفریق کیجیے

999 لیٹر
− 322 لیٹر
______

556 لیٹر
− 235 لیٹر
______

- سمن نے پہلے دن 132 لیٹر دودھ اور دوسرے دن 242 لیٹر دودھ فروخت کیا۔ سمن نے جملہ کتنے لیٹر دودھ فروخت کیا؟

- ٹینک میں 899 لیٹر پانی تھا۔ 645 لیٹر پانی کا استعمال ہوا۔ اب ٹینک میں جملہ کتنے لیٹر پانی ہے؟

- 1 لیٹر کی بوتل سے 250 ملی لیٹر کی کتنی بوتلیں بھری جا سکتی ہیں؟

- رجنی کو 4 دن تک روزانہ 5 ملی لیٹر دوا پینی ہے۔ رجنی کو 10 دنوں میں کتنی دوا کی ضرورت ہوگی؟



آؤ گنیں اپنے ہاتھوں کی انگلیاں



2×5=10 دو ہاتھوں میں کُل انگلیاں



12 بار 5 یعنی

$$\begin{array}{r} 12 \\ \times 5 \\ \hline \\ \hline \end{array}$$

یا 12 x5

▪ ضرب کیجیے

13	11	14
x 6	x 5	x 8
____	____	____

• ایک قمیص میں جملہ 6 بٹن لگے ہوئے ہیں، تو ایسی 5 قمیصوں میں کتنے بٹن ہوں گے؟

____

▪ سکندر کے پاس چالیس بیگھے زمین ہے۔ سکندر کے دو بچے شاہد اور شبیہ ہیں۔ دونوں بچوں میں زمین کا مساوی بٹوارہ ہوا۔ آگے تصویر میں دیکھتے ہیں کہ اگلی نسل میں زمین کا بٹوارہ کیسے ہوگا۔



◆ 40 کو 2 برابر حصوں میں تقسیم کیا   40÷2 = ____   2)40(

◆ 20 کو چار برابر حصوں میں تقسیم کیا   20÷4 = ____   4)20(

استاد کے لیے ہدایت: زمین یا کسی دیگر شئے کا بٹوارہ کرتے ہوئے تقسیم کیسے کی جاسکتی ہے اس پر گفتگو کریں۔

عملی کام

1. دیے گئے حروف سے الفاظ لکھیے

ڈ –

بھ –

ش –

2. دیے گئے الفاظ سے جملے کو پورا کیجیے

شہر،	پہاڑ،	جانور،	بھیڑیے

1. ہمالیہ سب سے بڑا ____________ ہے۔
2. _______ جھنڈ میں رہتے ہیں۔
3. جنگل ________ سے دور ہے۔
4. چڑیا گھر میں _________ رہتے ہیں۔

3. تصویر دیکھ کر تین جملے لکھیے



1. ________________________________
2. ________________________________
3. ________________________________

4. جمع کیجیے

425 لیٹر	135 میٹر	741 گرام
223+ لیٹر	232+ میٹر	132+ گرام
______	______	______

5. تفریق کیجیے

556 لیٹر	895 میٹر	735 گرام
235- لیٹر	242- میٹر	123 - گرام
______	______	______

6. خالی جگہ پُر کیجیے

الف) 3000 میٹر = ________ کلومیٹر

ب) 7000 گرام = ________ کلوگرام

ج) 4 کلوگرام = ________ گرام

د) کپڑے کی لمبائی ________ میں ناپی جاتی ہے۔

7. ضرب کیجیے

16	15	13
x 6	x 6	x 6
______	______	______

8. احمد نے 495 کلوگرام چاول میں سے 292 کلوگرام چاول فروخت کیے۔ احمد کے پاس اب کتنے کلوگرام چاول باقی ہیں؟

____